**Fazil / Tausif**

**05-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں بحث آج بھی جاری رہے گی۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، آج نئی دلّی میں امدادِ باہمی پر مبنی ملک کے پہلے **Ride-Hailing** پلیٹ فارم ''بھارت ٹیکسی'' کا آغاز کریں گے۔

☆ منی پور میں **Yumnam** کھیم چند سنگھ کی زیر قیادت سرکار کی تشکیل کے بعد آج ریاستی اسمبلی کا اجلاس ہوگا۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اہم معدنیات سے متعلق پہلی وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے اہم معدنیات کے ایک ہی خطے میں بہت زیادہ ہونے کے چیلنجوں اور سپلائی نظام کو جوکھم سے باہر رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

☆ اور خواتین کے پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں آج وڈودرہ میں ڈیلی کیپٹلز کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلورو سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Parliament Business

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں لوک سبھا میں آج آگے بحث ہوگی۔ اِس کے ساتھ ساتھ لوک سبھا کے آج کے کام کاج میں **2026-27** کے مرکزی بجٹ پر عام بحث بھی شامل ہے۔

اِدھر راجیہ سبھا میں بھی ایوان کے آج کے کام کاج میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں آگے بحث ہوگی۔×

RS - Piyush Goyal

کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ سرکار نے بھارت-امریکہ تجارتی سمجھوتے میں کیمیاوی کھاد اور زراعت جیسے اہم شعبوں کا پورا خیال رکھا ہے۔ کل راجیہ سبھا میں ایک بیان دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ مذکورہ سمجھوتے سے **MSME** اداروں، چھوٹے کاروباری افراد، ہنرمند کارکنوں اور صنعتوں کیلئے نئے مواقع دستیاب ہوں گے اور جدید طرز کی ٹیکنالوجیوں تک رسائی میں سہولت ہوگی۔

**SB - 0830 - Piyush Goyal**

Bharat Taxi Launch - Shah

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج نئی دلّی میں امدادِ باہمی پر مبنی ملک کے پہلے **Ride-Hailing** پلیٹ فارم ''بھارت ٹیکسی'' کا آغاز کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Saumya**

*بھارت ٹیکسی کا آغاز وزیراعظم نریندر مودی کے نظریے سہکار سے سمردھی کے عین مطابق ہے اور یہ امدادِ باہمی کے شعبے کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ شہریوں پر مرکوز موبلٹی حل کو فروغ دینے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ یہ پلیٹ فارم زیرو کمیشن اور ایک ایسی قیمت کے ماڈل پر کام کرے گا، جہاں طے شدہ قیمت میں کسی اضافے کی گنجائش نہیں ہوگی اور ڈرائیوروں کو براہِ راست منافع دیا جائے گا۔ یہ سارتھیوں کے سماجی تحفظ کو بھی ترجیح دیتا ہے، جس میں صحت اور حادثاتی بیمہ، رٹائرمنٹ بچت اور ڈرائیور کے تعاون کا ایک مخصوص نظام شامل ہے۔ خواتین کی حفاظت اور اُنہیں بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بھارت ٹیکسی نے سارتھی دیدی اور بائک دیدی جیسے اقدامات بھی متعارف کرائے ہیں، جن کے تحت اب تک 150 سے زیادہ خواتین ڈرائیور پلیٹ فارم سے جڑ چکی ہیں۔*

*آغاز کی تقریب کے دوران بھارت ٹیکسی کے سافٹ لانچ کے بعد سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 6 سرِفہرست سارتھیوں کو اُن کی شاندار خدمات کے اعتراف میں اعزاز سے نوازا جائے گا۔*

*نئی دلّی سے سومیا شرن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

J&K Amit Shah Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج سے جموں و کشمیر کے اپنے تین روزہ اہم دورے کا آغاز کریں گے، جس کے دوران وہ جامع سیکورٹی کا جائزہ لیں گے، ترقیاتی پروجیکٹوں کا معائنہ کریں گے اور سیاسی فریقوں کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ وہ آج شام جموں پہنچیں گے اور لوک بھون میں سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ اس دورے کے دوران امن و امان کی مجموعی

صورتحال، گورننس اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے سکیورٹی ایجنسیوں اور انتظامی حکام کے ساتھ اعلیٰ سطح کی میٹنگیں متوقع ہیں۔ یہ پچھلے ایک مہینے کے اندر جموں و کشمیر میں سکیورٹی منظرنامے کا جناب شاہ کا دوسرا اعلیٰ سطحی جائزہ ہوگا۔ انہوں نے 8 جنوری کو نئی دلّی میں، ایک میٹنگ کے دوران سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لیا تھا۔×

Manipur - Assembly Session

منی پور میں 12 ویں قانون ساز اسمبلی کا 7 واں اجلاس آج شام 4 بجے ہوگا۔ وزیر اعلیٰ **Yumnam** کھیم چند سنگھ نے حلف لینے کے کچھ ہی دیر بعد، کل شام اپنی سرکار کی پہلی کابینہ میٹنگ کی صدارت کی۔

منی پور میں صدر راج منسوخ کردیا گیا ہے اور **Yumnam** کھیم چند سنگھ کو کل ریاست کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا گیا۔

ریاست میں 13 فروری 2025 کو صدر راج نافذ کیا گیا تھا۔ اُس وقت کے وزیر اعلیٰ **N Biren Singh** کے مستعفی ہونے کے بعد ایسا کیا گیا تھا اور منی پور اسمبلی کو معطل رکھا گیا تھا۔×

Rev. Prez Visit - Odisha

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، اپنی آبائی ریاست اُڈیشہ کے چھ دن کے دورے پر گئی ہوئی ہیں اور آج اُن کے دورے کا 5 واں دن ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Prakash Dash**

*صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح **Mayurbhanj** ضلعے کے رائے رنگ پور میں شری جگن ناتھ مندر میں پوجا ارچنا کریں گی اور بعد میں وہ اپنے آبائی گاؤں پہاڑ پور جائیں گی، جہاں وہ **SLS** میموریل اسکول کے طلبا کے ساتھ گفتگو کریں گی۔ یہ اسکول اُن کے آنجہانی شوہر اور بیٹوں کی یاد میں قائم کیا گیا تھا۔*

*صدر جمہوریہ آج شام **Similipal** ٹائیگر ریزرو روانہ ہوجائیں گی اور اِس کے شاندار حیاتیاتی تنوع کا مشاہدہ کرنے کیلئے رات میں قومی پارک میں قیام کریں گی۔*

*اپنے دورے میں وہ ٹائیگر ریزرو میں رہنے والی قبائلی خواتین اور نوجوانوں کے گروپوں سے ملاقات بھی کریں گی۔*

*بھونیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..................*

Jaishankar Critical Minerals

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اہم معدنیات کے ایک ہی خطے میں بہت زیادہ ہونے کے چیلنجوں اور باضابطہ بین الاقوامی اشتراک کے ذریعے سپلائی نظام کو جوکھم سے باہر رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ کل رات واشنگٹن ڈی سی میں امریکی

وزیر خارجہ مارکو روبیو کی جانب سے بلائی گئی اہم معدنیات سے متعلق پہلی وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے اہم معدنیات کے معاملے میں FORGE پہل کے تئیں بھارت کی حمایت کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ جانکاری دی ہے۔

اپنے خطاب میں ڈاکٹر جے شنکر نے مختلف اقدامات کے ذریعے اور زیادہ مضبوط نظام قائم کرنے کی سمت بھارت کی کوششوں کو بھی اجاگر کیا، جس میں اہم معدنیات سے متعلق قومی مشن، Rare Earth کاریڈور اور ذمے دارانہ کامرس شامل ہیں۔

وزارتی میٹنگ سے قبل، ڈاکٹر جے شنکر نے کئی ملکوں کے وزراء خارجہ سے ملاقات کی۔ اِن میں کناڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند اور سنگاپور کے Vivian بالا کرشنن شامل ہیں۔ انہوں نے نیدر لینڈس، اِٹلی، ملیشیا، بحرین، منگولیا، پولینڈ، رومانیہ، اسرائیل اور اُزبیکستان کے اپنے ہم منصب وزیروں سے بھی گفتگو کی۔×

MP - Cheetahs Botswana

مدھیہ پردیش میں ریاستی سرکار، اِس مہینے کے آخر میں بوتسوانا سے 8 چیتے لائے گی۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے اِس معاملے پر نئی دلّی میں ماحولیات اور جنگلات محکمے کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو سے بات چیت کی۔

وزیر اعظم نریندر مودی کی رہنمائی اور مرکزی سرکار کی معاونت کے ساتھ ریاستی حکومت جنگلی جانوروں کو محفوظ رکھنے کی سمت اقدامات کررہی ہے۔ اِس پہل سے ماحولیاتی وراثت کو پھر سے فعال بنانے اور حیاتیاتی تنوع کو مستحکم بنانے کیلئے بھارت کی کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Goa Book Fair Panaji

ادب اور ثقافت کا حسین امتزاج، گوا کتاب میلہ 2026 ریاستی راجدھانی پنجی میں شروع ہو گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پرمود ساوَنت نے D. B. Bandodkar گراؤنڈ میں 5 روزہ کتاب میلے کا افتتاح کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Mahesh Chopade**

*افتتاح کے بعد، وزیر اعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساوَنت نے بک اسٹالز کا دورہ کیا اور ادیبوں اور مصنفوں سے بات چیت کی۔ اس کتاب میلے میں 200 سے زیادہ پبلیشرز پہنچے ہیں، جو انگریزی، کونکنی، مراٹھی اور ہندی زبانوں میں کتابیں لے کر آئے ہیں۔ اہم توجہ کا مرکز مشہور کارٹونسٹ Mario de Miranda کی آرٹ نمائش اور سردار پٹیل کے 150 ویں یومِ پیدائش کے موقعے پر ایک خصوصی*

گیلری ہے۔ بچوں کیلیے ورکشاپس اور موسیقی کے پروگرام بھی منعقد کیے جا رہے ہیں۔ یہ کتاب میلہ 8 فروری تک دن میں 11 بجے سے رات 8 بجے تک عوام کیلیۓ کھلا رہے گا۔ تمام کتابوں پر 10 فیصد کی رعایت دی جا رہی ہے۔

گوا کتاب میلے کے اعلیٰ سرپرست ڈاکٹر کرن ٹھاکر نے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ میلہ نہ صرف بھارت بلکہ پوری دنیا کیلیۓ دانشورانہ بات چیت کا مرکز اور کہانیوں کا سمندر بنے گا۔ نیشنل بک ٹرسٹ کے ڈائریکٹر یوراج مَلک نے یہاں آنے والے افراد پر زور دیا کہ وہ کم سے کم ایک ایسی کتاب ضرور گھر لے جائیں، جو اُن کی زندگی کو متاثر کر سکے اور ممکنہ طور پر اہم تبدیلی لا سکے۔

گوا سے مہیش چوپڑے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیۓ میں............

RBI - Monetary Policy

ریزرو بینک آف انڈیا کی چھ ارکان پر مشتمل مالی پالیسی کمیٹی نے شرحِ سود کے معاملے پر تبادلۂ خیال کیلیۓ ہر دو مہینے بعد ہونے والی اپنی میٹنگ کل شروع کی۔ ریزرو بینک کے گورنر سنجے ملہوترا، اِس کمیٹی کے سربراہ ہیں۔ شرحوں کے بارے میں فیصلے کا اعلان کل صبح کیا جائے گا۔

زیادہ تر اقتصادی ماہرین کو امید ہے کہ ریزرو بینک شرحوں کو فی الحال جوں کا توں برقرار رکھے گا کیونکہ مرکزی بینک سال 2025 کے اوائل سے **Repo Rate** میں پہلے ہی سوا فیصد کی کٹوتی کرچکا ہے اور افراطِ زر کی شرح بھی 4 فیصد کے نشانے سے کافی نیچے چل رہی ہے۔×

WPL Cricket

خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں، آج وڈودرا کے **BCA** اسٹیڈیم میں فائنل میں، ڈیلی کیپیٹلز کا سامنا رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ رائل چیلنجرس بنگلورو کیلیۓ **WPL** کا یہ دوسرا فائنل ہوگا اور وہ دوسری مرتبہ خطاب حاصل کرنا چاہے گی۔ ڈیلی کیپیٹلز کی ٹیم چوتھی مرتبہ فائنل میں پہنچی ہے۔ اس سال کے خواتین پریمیر لیگ سیزن کیلیۓ **BCCI** نے تقریباً 10 کروڑ روپے کا کُل انعام رکھا ہے۔×

U19 Cricket Final

19 سال کی عمر تک کے مردوں کے **ODI** کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں، کل زمبابوے کے ہرارے میں، بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے شروع ہوگا۔ بھارت نے، کل زمبابوے کے ہرارے میں دوسرے سیمی فائنل میچ میں افغانستان کو 7 وکٹ سے شکست دی۔ اُس نے 41 اوورس اور ایک گیند میں 3 وکٹ پر جیت کیلیۓ 311 رن کا نشانہ حاصل کر لیا۔ اس سے قبل افغانستان نے ٹاس جیتا اور پہلے بلّے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اُس نے مقررہ 50 اوورس میں 4 وکٹ پر 310 رن بنائے۔

**Aaron George** کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ بھارت، ٹورنامنٹ میں اب تک ایک بھی میچ نہیں

ہارا ہے۔ بھارتی ٹیم نے ٹورنامنٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ کامیابی حاصل کی ہے۔
اُس نے سال 2000, 2008, 2012, 2018 اور 2022 میں ریکارڈ پانچ مرتبہ ٹرافی حاصل کی ہے۔ بھارت کے بعد آسٹریلیا دوسری کامیاب ٹیم ہے، جو 4 مرتبہ یہ خطاب حاصل کر چکی ہے۔×

India AI Leadership

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل اَنٹونیو گوتریس نے India AI Impact Summit 2026 سے پہلے مصنوعی ذہانت کے چیلنجوں سے نمٹنے میں سرکردہ رول ادا کرنے پر بھارت کی ستائش کی ہے۔ یہ AI سمٹ، اِس مہینے کی 16 تاریخ سے 20 تاریخ تک نئی دلّی میں ہونے والا ہے۔ انہوں نے بین الاقوامی تعلقات میں مصنوعی ذہانت کو ایک نہایت اہم معاملہ قرار دیا۔
اِس میں شرکت کیلئے 100 سے زیادہ ملکوں کے 35 ہزار سے زیادہ شرکاء نے اپنا اندراج کرایا ہے۔ اِن میں 500 سے زیادہ اسٹارٹ اپ ادارے بھی شامل ہیں۔×

J&K Weather

جموں و کشمیر میں موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اگلے ہفتے کے دوران، موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔ اگلے سات دن کیلئے نہ تو کشمیر اور نہ ہی جموں ڈویژن کیلئے موسم سے متعلق کوئی وارننگ جاری کی گئی ہے۔×

ECI - WB

انتخابی کمیشن نے 25 آئی اے ایس اور IPS افسروں کے سلسلے میں انہیں علیحدہ رکھنے کی مغربی بنگال سرکار کی درخواست کو مسترد کردیا ہے۔ اِن افسروں کو پانچ ریاستوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات میں مشاہدین کے طور پر متعین کرنے کیلئے آج اور کل نئی دلّی میں ایک بریفنگ کیلئے بلایا گیا ہے۔ اِن ریاستوں میں مغربی بنگال، آسام، کیرالہ، تمل ناڈو اور پدوچیری شامل ہیں۔
اِس سے قبل، ریاستی سرکار نے مشاہدین کے طور پر متعین کرنے کے مقصد سے اعلیٰ IAS اور IPS افسروں کی فہرست بھیجنے کیلئے چناؤ کمیشن کی کئی درخواستوں پر کوئی دھیان نہیں دیا تھا۔ اب انتخابی کمیشن نے فیصلہ کرلیا ہے اور اعلیٰ IAS اور IPS افسروں پر مشتمل فہرست تیار کرلی ہے، جس میں مغربی بنگال کے داخلہ سکریٹری جگدیش پرساد مینا شامل ہیں۔×

Plast India Exhibition

دنیا کی ممتاز پلاسٹک نمائشوں میں سے ایک پلاسٹ انڈیا 2026 آج نئی دلّی میں شروع ہو رہی ہے۔ کیمیکلز اور کھادوں کی وزارت نے کہا ہے کہ اس تقریب کے دوران 2 ہزار سے زیادہ بین الاقوامی نمائش کار، مشینری، خام مال اور سرکلر اکانومی کے جدید حل پیش کریں گے۔ وزارت نے بتایا کہ یہ نمائش افراد، مواد، مشین اور مارکیٹس میں بھارت کی صلاحیت اور طاقت کو اُجاگر کرے گی، جبکہ اس کا محور تجارت، ٹکنالوجی، مہارت اور سیاحت کے کلیدی ستون ہوں گے۔ وزارت نے مزید کہا

کہ پہلی مرتبہ پلاسٹ انڈیا کو زیرو ویسٹ یعنی صفر کچرے کی نمائش کے طور پر تصور کیا گیا ہے۔ اس عالمی نمائش کا موضوع ''بھارت NEXT'' ہے، جو وِکست بھارت اور آتم نربھر بھارت کے نظریے سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔ یہ نمائش اس ماہ کی 10 تاریخ تک جاری رہے گی۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: محمد عمار

شکریہ - شگفتہ

دلّی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے ہند-امریکہ تجارتی معاہدے کو نمایاں اہمیت دیتے ہوئے اپنے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے اور مرکزی وزیر پیوش گوئل کے اُس بیان کا حوالہ دیا ہے کہ معاہدے سے ہندوستان کو ترقی یافتہ ملک بنانے کی سمت میں توقیت ملے گی۔

منی پور سے صدر راج ہٹنے کی خبر بھی صفحۂ اول کی اہم خبروں میں شامل ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے : منی پور میں BJP نے پھر حکومت بنائی، کھیم چند وزیر اعلیٰ۔

لوک سبھا میں ہنگامہ آرائی کی خبر بھی تقریباً سبھی اخبارات میں موجود ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے : لوک سبھا میں ہنگامے کے سبب وزیر اعظم شکریہ کی تحریک پر جواب نہ دے سکے۔

امت شاہ کا 7 فروری کو چھتیس گڑھ کا دورہ ہندوستان ایکسپریس کی اہم خبر کے طور پر صفحۂ اول پر موجود ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے راجیہ سبھا کے چیئرمین سی پی رادھاکرشنن کے بیان کو شہ سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ ''تحریک التوا کا نوٹس انتہائی اہم معاملات پر ہی دیا جاسکتا ہے''۔

عازمین حج کیلئے تربیتی کیمپ، صحت کی جانچ اور ٹیکہ کاری کا آغاز، 18 اپریل سے حجاج کی روانگی شروع ہوگی۔ یہ خبر ہندوستان ایکسپریس کی اہم خبر کے طور پر موجود ہے۔

کچھ اہم بین الاقوامی خبریں اِس طرح ہیں :

☆ امریکہ اور ایران کے درمیان ممکنہ مذاکرات جمعہ کو متوقع۔
☆ سعودی عرب اور ترکیہ کے غزہ سے اسرائیلی انخلاء اور یمن اور سوڈان کی ملکی وحدت پر زور۔
☆ روس اور چین کے صدر کا رابطہ دو طرفہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں بحث آج بھی جاری رہے گی۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، آج نئی دلّی میں امدادِ باہمی پر مبنی ملک کے پہلے **Ride-Hailing** پلیٹ فارم ''بھارت ٹیکسی'' کا آغاز کریں گے۔

☆ منی پور میں **Yumnam** کھیم چند سنگھ کی زیر قیادت سرکار کی تشکیل کے بعد آج ریاستی اسمبلی کا اجلاس ہوگا۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اہم معدنیات سے متعلق پہلی وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے اہم معدنیات کے ایک ہی خطے میں بہت زیادہ ہونے کے چیلنجوں اور سپلائی نظام کو جوکھم سے باہر رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

☆ اور خواتین کے پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں آج وڈودرہ میں ڈیلی کیپٹلز کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلورو سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------